Mississauga کے 2024 کے ضمنی انتخاب کے لیے انتخابی کارکن بننے کی درخواست دیں

7 مارچ 2024

Mississauga سٹی کے 2024 کے ضمنی انتخابات، جو بروز پیر، 10 جون 2024 کو منعقد ہو رہے ہیں، کے لیے انتخابی کارکنوں کو بھرتی کر رہا ہے۔ Mississauga میں ووٹنگ کے مقام پر بامعاوضہ آسامیوں میں سے کسی ایک پر کام کرنے کے لیے درخواست دے کر اپنی کمیونٹی میں اپنا کردار ادا کریں۔

ڈیانا روسنوف، سٹی کلرک اور ڈائریکٹر، لیجسلیٹو سروسز نے کہا ہے کہ "آنے والے ضمنی انتخاب میں شامل ہونا آپ کی مقامی کمیونٹی سے آپ کے جڑنے کا ایک بہترین موقع ہے۔" ان کا مزید کہنا تھا کہ "درخواست دیتے وقت، آپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ آپ یا اکیلے درخواست دیں یا پھر اپنے دوستوں اور خاندان کے ساتھ مل کر ایک ٹیم کے طور پر۔ یہ تمام گروپ ممبران کو ووٹنگ کے ایک ہی مقام پر اکٹھے کام کرنے کی سہولت دیتا ہے۔ جہاں تک ممکن ہو، ہم ان درخواستوں کو پورا کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔"

اہلیت

انتخابی کارکن بننے کے لیے، درج ذیل شرائط ہیں:

- آپ کی کم از کم عمر 16 سال ہو
- کینیڈا میں قانونی طور پر کام کرنے کے حقدار ہوں
- آپ کے پاس ایک ذاتی ای میل ایڈریس ہونا چاہیے، جسے کوئی اور استعمال نہ کرتا ہو

درکار وقت

ضمنی انتخاب کے دن، آپ کو صبح 8:30 سے لے کر لوکیشن منیجر کی جانب سے کام ختم کرنے تک کام ڈیوٹی دینی ہو گی۔ آپ کو ایک تربیت میں بھی حصہ لینا پڑے گا اور کچھ آسامیوں کی اضافی ڈیوٹیاں بھی لگ سکتی ہے، مثلاً کام کے مخصوص اوقات کار کے بعد سامان اور مواد وغیرہ کو بتائی گئی جگہوں تک پہنچانے کے لیے۔ آپ ملازمت کی تفصیلات میں مخصوص فرائض کے بارے میں مزید تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں:

تربیت

ایک انتخابی کارکن کے طور پر، آپ کو اپنی پوزیشن کے لحاظ سے تین گھنٹے تک ذاتی طور پر یا ورچوئل طور پر منعقد کی جانے والی تربیتی نشستوں میں حصہ لینے کی ضرورت ہو گی۔ بعض آسامیوں کے لیے آپ کو ایک اضافی آن لائن ٹریننگ ماڈیول مکمل کرنے کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ تفصیلات کے لیے ملازمت کی تفصیلات دیکھیں۔

آسامیوں اور ملازمت کی تفصیلات

ڈپٹی ریٹرننگ آفیسر

- رائے دہندگان کی شناختوں کی تصدیق کرنا
- اہل رائے دہندگان کو بیلٹس جاری کرنا
- الیکٹرانک ووٹرز لسٹ سے رائے دہندگان کے نام کاٹنے کے لیے ایک کمپیوٹر اپلیکیشن استعمال کرنا
- ضرورت کے مطابق ووٹرز لسٹ پر نظرثانی کرنا
- لیپ ٹاپ کو ترتیب دینے اور پیک کرنے میں مدد کرنا
- لیپ ٹاپ استعمال کرنے کا تجربہ لازمی ہے، تفصیلات پر انتہائی غور کا رجحان اور لمبے وقت کے لیے بیٹھ کر لیپ ٹاپ پر کام کرنے کی صلاحیت بھی ہونی چاہیے

آپریٹر

- نشان زدہ بیلٹس کو ایک ووٹ ٹیبیولیٹر میں درج کرنا
- یقینی بنانا کہ ووٹ ٹیبیولیٹر درست طریقے سے کام کر رہا ہو
- ووٹ ٹیبیولیٹر کو مختص جگہ سے لانا/ واپس دے کر آنا
- ووٹنگ کے مقام کو ترتیب دینے، کھولنے اور بند کرنے میں مدد دینا
- آایک قابل قبول ڈرائیورز لائسنس ہونا اور الیکشن کے دن ایک گاڑی پاس ہونا لازمی ہے، تاکہ ووٹ ٹیبیولیٹر کو ووٹنگ کے مقام تک لائیں اور واپس لے جائیں
- لمبے وقت کے لیے کھڑے ہونے کے قابل بھی ہونا لازمی ہے

انفارمیشن آفیسر

- ووٹنگ کے مقام پر داخلی راستے پر خوش آمدید کہنے والے شخص کے طور پر خدمات انجام دینا
- رائے دہندگان کے پاس ووٹر نوٹیفیکیشن کارڈ اور/ یا شناخت موجود ہونے کے بارے میں پوچھنا
- ووٹنگ کے مقام کو ترتیب دینے، کھولنے اور بند کرنے میں مدد دینا

ایک آسامی کے لیے درخواست دینا

اگر آپ آنے والے ضمنی انتخابات میں کام کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو آپ کو درخواست آن لائن طور پر دینی ہوگی۔ درخواست دینے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2024 ہے۔

آسامیوں، تربیت اور معاوضے کے متعلق مزید معلومات کے لیے الیکشن کارکن کا ویب پیج ملاحظہ کریں۔

2024 کے ضمنی انتخابات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں: mississauga.ca/elections

فوٹو:

-30-

میڈیا کنٹیکٹ:

سٹی آف Mississauga میڈیا ریلیشنز
media@mississauga.ca
905-615-3200, ایکسٹینش 5232
TTY:905-896-5151